© rasailojaraid.com



کشمیر بزور شمشیر۔ قسط :19

# تاریخ جموں و کشمیر

ابو محمد عبدالوہاب خان

8-7-82 آئندہ پاک بھارت مذاکرات میں "مسئلہ کشمیر" بھی زیر بحث آئے گا۔(نرسیما راؤ)

10-7-82 بھارت نے قیدیوں کے تبادلے کی پاکستانی تجویز سے اتفاق کیا۔

4-8-82 پاکستان نے اغوا شدہ بھارتی طیارے کو لاہور اتارنے نہیں دیا۔رن وے بند کر دیا۔

20-8-82 ایک اور اغوا شدہ بھارتی طیارے کو لاہور اتارنے کی کوشش ناکام بنادی۔طیارہ واپس امرتسر پہنچا تو بھارتی فوج نے خود سکھ ہائی جیکر کو ہلاک کر دیا۔

28-8-82 بھارتی فوج پاکستانی سرحدوں پر اکٹھی ہو چکی ہے۔(آغا شاہی)

4-9-82 کنٹرول لائن پر پاک بھارت فوجوں میں جھڑپیں ہوئیں۔

7-9-82 صدر آزاد کشمیر بریگیڈیر سکندر حیات کے جلسے میں رکاوٹ ڈالنے کے الزام میں سردار عبدالقیوم خان اور سردار ابراہیم نظر بند کیے گئے۔

8-9-82 مقبوضہ کشمیر کے سابق وزیر اعلیٰ شیخ محمد عبداللہ کا انتقال۔

15-10-82 مسئلہ کشمیر کے حل سے متعلق ایک نیا منصوبہ زیر غور ہے۔(صدر ضیاء)

20-10-82 سکھوں نے "آزاد خالصتان" کے لیے مسلح جدوجہد کا اعلان کر دیا۔

27-10-82 آزاد کشمیر کے سیاستدانوں نے صدر ضیاء سے اہم ملاقات کی۔

10-12-82 پاکستان امریکی دباؤ سے مرعوب ہو کر ایٹمی پروگرام ختم نہیں کرے گا۔(صدر ضیاء)

2-1-83 پاکستان بیرونی تعاون کے بغیر اپنا ایٹمی پروگرام مکمل کر سکتا ہے۔(صدر ضیاء)

15-1-83 F-16 طیاروں کی پہلی کھیپ پاکستان پہنچ گئی۔

20-1-83 میجر جنرل (ر) عبدالرحمن کو آزاد کشمیر کا صدر بنایا گیا۔جنرل سکندر حیات فوجی ڈیوٹی پر واپس گئے۔

1-2-83 سابق صدر آزاد کشمیر سردار عبدالقیوم کو رہا کر دیا گیا۔

9-3-83 پاک بھارت تعلقات کی بہتری کے لیے مسئلہ کشمیر حل کیا جائے۔(صدر ضیاء کا دہلی میں غیر جانبدار ممالک کی سربراہ کانفرنس میں خطاب)

© rasailojaraid.com